ACCOUNTANT
IN BANKRUPTCY
SCOTLAND'S INSOLVENCY SERVICE

ڈیٹر گائڈ

اس اشاعت کا مواد 30 نومبر 2016 میں درست ہے. اس میں ہونے والی کسی بھی ترمیم کو تازہ ترین ورژن میں شامل کیا جائے گا جو مندرجہ ذیل پر دستیاب ہے:

www.aib.gov.uk/guidance/publications/debtbankruptcy

اگر آپ ہمیں **0300 200 2600** پر ٹیلیفون کریں تو اس کتابچے کی کاپیاں، ہماری جانب سے شایع ہونے والے دیگر کتابچوں کی کاپیاں وصول کرسکتے ہیں.

آپ انہیں ہمارے ویب سائٹ کے پبلیکیشن صفحے پر بھی تلاش کرسکتے ہیں:

www.aib.gov.uk

اس اشاعت کو کمیونٹی کی زبان یا متبادل فورمیٹ میں درخواست کے ذریعے موصول کیا جاسکتا ھے. برائے مہربانی **0300 200 2600** پر ٹیلیفون کیجئے تاکہ اس کی بندوبست کی جائے.

1	1. تعارف
2	2. دیوالیہ پن کیا ہے
2	2.1 دیوالیہ پن کے نتائج کیسے ہوتے ہیں؟
4	3. کس کو دیوالیہ قراردیا جاسکتا ہے؟
4	3.1 مینیمل اسیٹ پروسس کا کیا مطلب ہے؟
5	3.1.1 اپیرنٹ انسالوینسی (واضح افلاس) کا کیا مطلب ہوتا ہے؟
6	ڈیٹ ارینجمنٹ سکیم (ڈی اے ایس) کے تحت ڈیٹ پیمنٹ پروگرام
6	3.1.2 سرٹیفیکیٹ فار سیکویسٹریشن کیا چیز ہے؟
7	3.2 میرے اپنے دیوالیہ پن کیلئے درخواست دینے کی کیا شرایط ہیں؟
7	3.3 میں اپنے دیوالیہ پن کیلئے کس طریقے سے درخواست دے سکتا ہوں؟
8	3.3.1 اس پر کتنا خرچہ آتا ہے؟
9	3.4 کوئی اور شخص مجھے دیوالیہ قرار دے اسکی کیا شرائط ہیں؟ کریڈیٹرز
10	3.5 مجھے دیوالیہ قراردینے میں کتنا وقت لگے گا؟
11	4. میرے دیوالیہ پن کے اعلان کے بعد کیا ہوتا ہے؟
11	4.1 ٹرسٹی کون ہوتا ہے؟
11	4.2 دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی کیا کرتا ہے؟

12	**4.3 میرا ٹرسٹی کیا کرتا ہے؟**
13	**4.4 مجھے دیوالیہ قراردینے کے بعد میری کیا ذمہ داریاں ہوں گی؟**
14	**4.4.1 مالی تعلیم**
14	**4.5 ان چیزوں کا کیا بنے گا جو میری ملکیت میں ہیں؟**
14	**4.5.1 اثاثے کیا ہوتے ہیں؟**
15	**4.5.2 میرے گھر کا کیا بنے ہوگا؟**
17	**4.6 میری لایف پالیسیوں کا کیا ہوگا؟**
17	**4.7 ان اشیا کا کیا ہوگا جو کرایے کی خریداری پر ہیں؟**
18	**4.8 کیا مجھے اپنے دیوالیہ پن میں کچھ کنٹریبیوشن کا کہا جائے گا؟**
18	**4.8.1 آپ کے حالات پر نظرثانی**
19	**4.9 اس پیسے کا کیا بنے گا جو میرے ٹرسٹی کے ہاں جمع ہوگا؟**
19	**4.10 میرے دیوالیہ پن کے انتظامی اخراجات کون برداشت کرے گا؟**
20	**4.11 میرا دیوالیہ پن عام طور پر کتنے وقت کے لئے برقرار رہے گا؟**
21	**4.12 کیا میرا دیوالیہ پن جلد ختم ہوسکتا ہے؟**

21	**AiB 4.12.1 کی جانب سے دیوالیہ پن کی ریکال**
21	**4.12.2 شیرف کی جانب دیوالیہ پن کی ریکال**
22	**.5 دیوالیہ پن کی حدود**
23	**.6 ڈسچارج ہونے کے بعد کیا ہوگا؟**
23	**6.1 ڈسچارج ہونے کے بعد میرے قرضوں کا کیا بنے گا؟**
24	**6.2 میرے ڈسچارج ہونے کے بعد میرے اثاثوں کا کیا بنے گا؟**
25	**.7 جس طریقے سے میرے دیوالیہ پن کا انتظام کیاجارہا ہے اگر میں اس سے ناخوش ہوں تو؟**
25	**.8 دیوالیہ کے متبادل کیا ہیں؟**
28	**.9 مزید معلومات**
28	**9.1 دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی سے رابطہ کرنے کی تفصیلات**
29	**9.2 مشورے اور معلومات کے ذرائع**

1. تعارف

یہ کتابچہ دیوالیہ پن کے بارے میں ان لوگوں کو مشورہ دیتا ہے جن پر پیسے کا قرض ہو (مقروض لوگ) اور اس کا مطلب قانون کا مکمل بیان نہیں ہے.

یہ کتابچہ:

- ان لوگوں کیلئے ہے جن کے خلاف اپنے کریڈٹر کاروائی کررہے ہوں تاکہ انہیں دیوالیہ بنادیں. (کریڈٹر وہ لوگ ہوتے جن کے آپ مقروض ہوتے ہیں).
- ان لوگوں کیلئے جنہیں اپنے کریڈیٹرز نے دیوالیہ بنادیا ہو.
- ان لوگوں کیلئے جو اپنا قرض ادا نہیں کرسکتے اوراپنے آپ کو دیوالیہ قراردینے کے بارے میں سوچ رہے ہیں.

یہ ان لوگوں کیلئے نہیں ہے جنہیں 1 اپریل 2015 سے پہلے دیوالیہ قرار دیاگیا تھا.

آگے حاکر اس کتابچے میں دیوالیہ پن کے کچھ متبادل طریقوں کے بارے میں بھی معلومات کو شامل کیا گیا ہے.

یہ ایک سنجیدہ معاملہ ہے اگر آپ اپنے واجبات کی ادایگی نہیں کرتے. اگر آپ جلد سے جلد مشورہ حاصل کرلیں تو آپ کو واجبات اور کریڈٹرز سے نمٹنے میں آسانی ہوگی. آپ کے مقامی علاقے میں ایسے کئی افراد ہیں جو آپ کو مفت، خفیہ اور غیرجانبدارانہ مشورہ دے سکتے ہیں. کچھ تنظیمیں آپ کو ٹیلیفون اور آن لاین معلومات اور مشورہ دے سکتی ہیں. جو لوگ آپ کو مفت، روبرو مشورہ دے سکتے ہیں ان میں شامل ہیں: ایڈوایزرز ان سٹیزن اڈوایس بیورو اینڈ لوکل اتھارٹی منی ایڈوایزرز. بعض تنظیموں سے رابطہ کرنے کے لئے معلومات آپ اس کتابچے کے پشت پر حاصل کرسکتے ہیں.

دیوالیہ پن کے حوالے اہم قانون سازی 2016 کا بینکرپٹسی (سکاٹلنڈ) ایکٹ ہے. دیوالیہ پن سے متعلق قوانین او اشاعتیں اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی (AiB)کے ویب سایٹ **www.aib.gov.uk** دستیاب ہیں.

2. دیوالیہ پن کیا ہے

دیوالیہ پن ایک قانونی اعلان ہے کہ کوئی شخص اپنے قرضوں کی ادائگی نہیں کرسکتا. جب آپ اپنے قرضوں ادائگی نہیں کرسکتے جب یہ ادائگی لازمی بن جاتی ہے تو اپنے دیوالیہ پن کیلئے دی اکاونٹنٹ ان بنکٹرپسي کو درخواست دے سکتے ہیں. آپ کے کریڈیٹرز اور ٹرسٹ ڈیڈ کے ٹرسٹی بھی شیرف کو کہہ سکتے ہیں کہ آپ کو دیوالیہ قرار دے.

دیوالیہ بننے کی شرایط کو اس کتابچے کے آخری حصے میں بیان کیا گیا ہے.

اگر آپ کو دیوالیہ قرار دیا جائے، تو آپ کی ملکیت والی اشیا، بشمول آپ کے گھر، کا اختیار آپ کے ٹرسٹی (وہ شخص جو آپ کے دیوالیہ پن کا انتظام کرتا ہے) کو منتقل کیا جائے گا جو ممکنہ طور پر اسے فروخت کرکے اپ کا قرضہ اتارنے کیلئے آپ کے کریڈیٹرز کو ادا کرے گا. آپ کو اپنی آمدنی سے بھی باقاعدگی سے ادائگی کرنی پڑے گی.

2.1 دیوالیہ پن کے نتائج کیسے ہوتے ہیں؟

مندرجہ ذیل دیوالیہ بننے کے چند نتائج ہیں:

روزگار

کچھ اجر، خاص طور پر مالیاتی ادارے، ان لوگوں کو کام کرنے کا موقع فراہم نہیں کرتے جو دیوالیہ بن چکے ہیں. درخواست فارم پر دستخط کرنے سے پہلے آپ کو اپنے معاہدے کی شرائط احتیاط سے دیکھنا چاہئے یا اپنے ایمپلایر سے بات کرنا چاہئے.

کریڈٹ ریٹنگ

کریڈٹ ریفرنس ایجنسیاں آپ کے دیوالیہ کی تفصیلات کو ریکارڈ کرلیں گی اور آپ کی کریڈٹ ریٹنگ کئی سالوں تک متاثر ہوگی. آپ کے دیوالیہ پن کے بعد قرضہ کا حصول مشکل اور زیادہ مہنگا بن جائے گا.

بنک اکاونٹ

ہوسکتا ہے آپ کے بنک اکاونٹ منجمد ہوجائیں یا بند ہوجائیں او آپ کو نئے بنک

اکاونٹ کھولنے پڑیں گے. تاہم آپ کا بنک اب بھی آپ کو اجازت دے سکتا ہے کہ آپ کی تنخواہ یا بینیفٹس کی ادائیگی ایک اکاونٹ میں کی جائے. دیوالیہ بننے کے بعد اگر آپ کو اپنے بنک اکاونٹ کے حوالے سے مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہو تو آپ کو بنک یا منی ایڈوایزر سے بات کرنی چاہئے.

خدمات فراہم کرنے والے

بعض کمپنیوں، مثال کے طور پر گیس اور بجلی فراہم کرنے والے ادارے، کو اپنی خدمات آپ کو فراہم کرنے کے بارے میں اندیشہ ہوگا. جس طریقے وہ آپ سے ادائیگی وصول کرتے ہیں شاید وہ اسے تبدیل کرنا چاہیں. اس میں میٹر کی تنصیب یا پیشگی ادائیگی کا پلان شامل ہوسکتا ہے. اس بارے میں آپ منی ایڈوایزر سے بات کرسکتے ہیں.

پبلک ریکارڈ

آپ کا دیوالیہ پن اس پبلک رجسٹر میں درج کیا جائے گا جس کو رجسٹر آف انسالوینسیز کہتے ہیں. کریڈیٹرز اور کریڈیٹ ریفرنس ایجنسیاں اسی رجسٹر کو استعمال کرتے ہیں تاکہ پتہ لگا سکیں کہ ایا ان کے گاہک دیوالیہ تو نہیں رہ چکے ہیں. رجسٹر آف انسالوینسیز کو کوئی بھی شخص بغیر کسی فیس کے دیکھ سکتا ہے. آپ کے ٹرسٹی کی جانب سے فرائض کی انجام دہی کی تکمیل کے دو سال بعد تک آپ کے دیوالیہ پن کی تفصیلات اسی رجسٹر میں باقی رہیں گی. آر او آئی میں صرف سکاٹش دیوالیہ پن (سیکویسٹریشنز)، ٹرسٹ ڈیڈز اور موریٹوریمز کی تفصیلات درج ہوتی ہیں.

3. کس کو دیوالیہ قراردیا جاسکتا ہے؟

افراد، بشمول تنہا تاجروں، بعض کاروبار اور پارٹنرشپس، ٹرسٹ اور بعض دوسری غیرکارپوریٹڈ تنظیموں کو دیوالیہ قرار دیا جاسکتا ہے. کمپنیز ہاوس میں رجسٹرشدہ لمیٹڈ کمپنیوں کو دیوالیہ نہیں قرار دیا جاسکتا. ایک ایگزیکیوٹر ایک مردہ شخص کی اسٹیٹ کو دیوالیہ قرار دے سکتا ہے.

3.1 مینیمل اسیٹ پروسس کا کیا مطلب ہے؟

مینیمل اسیٹ پروسس (ایم اے پی) دیوالیہ پن کی جانب ایک ایسا راستہ ہے جو آپ سے خاص معیاروں کو پورا کرنے کا تقاضا کرتا ہے. آپ کے پاس کوئی واحد ایسا اثاثہ نہیں ہونا چاہئے جس کی قیمت £1,000 سے زیادہ ہو. اس سے £3,000 تک قیمت والی گاڑی مستثنیٰ ہے جو معقول طور پر آپکی ضرورت ہوسکتی ہے، میلاً کام پر جانے کیلئے. آپ کے کل اثاثوں کی قیمت £2,000 سے زیادہ نہیں ہوسکتی (بغیر گاڑی کے جس کا ذکر اوپر ہوچکا ہے). آپ کو بلکل کسی گھر، یا جائداد یا زمین کا مالک یا شریک مالک نہیں ہونا ہے اور آپ کے قرضے £17,000 سے زیادہ نہیں ہوں.

ایم اے پی کے ذریعے دیوالیہ پن کیلئے کوالیفای کرنے کیلئے آپ کو اوپر ذکر شدہ کسوٹی پر پورہ اترنا ہے اور یہ بھی ضروری ہے کہ آپ گزشتہ چھ ماہ سے سٹیٹ بینیفٹس لے رہے ہیں اور پھر یہ کہ آپ کا جائزہ لیا گیا ہو اور یہ پایا گیا ہو کہ آپ کو دیوالیہ پن میں کنٹریبیوشن کرنا ضروری نہیں ہے. آپ کو ایک سیکویسٹریشن سرٹیفیکیٹ کی بھی ضرورت ہوگی جسے ایک کوالیفائڈ منی ایڈوایزر دستخط کیا ہو. AiB چیک کرلے گا کہ آپ کا دعویٰ درست ہے یا نہیں. ہو سکتا ہے آپ سے اپنی درخواست کے بارے میں ثبوت بھي مانگے جائیں. اگر آپ مطلوبہ معلومات فراہم نہیں کرسکے یا آپکا دعویٰ درست نہیں ہے تو آپ کی درخواست مسترد کی جائے گی اور فیس بھی رکھی جائے گی.

ہر دیوالیہ پن میں ایک ڈیبٹ کنٹریبیوشن آرڈر (ڈی سی او) کنٹریبیوشن کی رقم کو مختص کرتا ہے جسے آپ اپنے دیوالیہ پن کے دروان ادا کریں گے. اگر آپ ایم اے پی کے ذریعے دیوالیہ قرار دیا جاتا ہے تو آپ کا ڈی سی او اپکی کنٹریبیوشن کو صفر مقرر کردے گا اور اپکو کوئی کنٹریبیوشن ادا کرنے کی ضرورت نہیں ہوگی. ایک ڈی سی او عام طور پر 48 گھنٹوں تک رہتا ہے یا ہفتہ وار مدت کے برابر. اگر دیوالیہ پن سے ڈسچارج ہونے سے پہلے آپ کے حالات بدل جاتے ہیں تو آپکی آمدنی اور اخراجات کا دوبارہ جائزہ لیا جائے گا. اگر اس جائزی میں یہ پایا جاتا ہے کہ آپ کے

پاس اضافی آمدنی ہے تو ڈی سی او کی باقیہ مدت کیلئے آپ کو کنٹریبیوشن کرنا پڑے گا تاوقتیکہ آپ کے حالات میں مزید تبدیلیاں واقع نہ ہوں.

جب ایم اے پی کے ذریعے دیوالیہ پن اعلان کیا جاتا ہے تو آپ کو چھ ماہ کے بعد ڈسچارج کیا جائےگا (تاوقتیکہ آپ اپنے ٹرسٹی کیساتھ تعاون کرتے ہوں). تاہم، آپکا ٹرسٹی مزید چھ ماہ تک افس میں رہے گا تاکہ آپ کے دیوالیہ پن کو فائنل کردے. ان چھ ماہ کی مدت کے دوران آپ پر خاص قسم کی پابندیاں لاگو ہوں گی. وہ یہ ہیں کہ آپ:

- انفرادی یا مشترکہ طور پر £2,000 سے زیادہ قرض نہیں لے سکتے تاوقتیکہ آپ قرض دینے والے شخص کو یہ نہ بتادں کہ آپ ڈسچارج شدہ دیوالیہ ہیں؛
- آپ کسی کاروبار میں اس وقت مصروف نہں ہوسکتے جب تک اپ نے ایک خاص کرائٹیریا پورا نہیں کیا ہو.

اگر آپ مندرجہ بالا شرائط پوری نہیں کرسکتے تو یہ نتیجہ اخذ کیا جائے گا کہ آپ نے ایک جرم کا ارتکا کیا ہے آور مندرجہ ذیل کے سزاوار ہوں گے:

- جرمانہ
- قید؛ یا
- جرمانہ اور قید دونوں

3.1.1 اپیرنٹ انسالوینسی (واضح افلاس) کا کیا مطلب ہوتا ہے؟

اپیرنٹ انسالوینسی ایک قانونی اصطلاح ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ آپ اپنے قرضے کی بروقت ادایگی نہیں کرسکتے. اپیرنٹ انسالوینسی عام طور پر مندرجہ ذیل ثبوت پیش کئے جاتے ہیں:

چارج فار پیمنینٹ – یہ ایک قانونی دستاویز ہے جس کے اوپر ' چارج فار پیمینٹ ' لکھا ہوا ہے. اس کا مطلب ہے کہ آپ پر اپنے کریڈیٹرز کا پیسہ ہے جسے آپ نے 14 دنوں کے اندر ادا کرنا ہے. اگر آپ نے اسے اس مدت کے اندر ادا نہیں کیا، تو چارج فار پیمینٹ کی مدت ختم ہوجائے گی اور پھر اس مقصد کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے کہ دن 15 سے آپ واضح طور پر مفلس ہیں جب سے یہ آپ کو دیا گیا تھا.

سٹیٹیوری ڈیمانڈ (قانونی مطالبہ) – یہ ایک قانونی دستاویز ہے جس کے اوپر

'سٹیٹیوری ڈیمانڈ' کے الفاظ لکھے گئے ہیں. یہ ادائگی کے لئے اخری رسمی مطالبہ ہے اور اگر آپ 21 دنوں کے اندر ادائگی نہیں کرسکتے تو سٹیٹیوری ڈیمانڈ کی مدت ختم ہوجائے گی اور اسے اس مقصد کیلئے استعمال کیا جاسکتا ہے کہ دن 22 سے آپ واضح طور پر مفلس ہیں جب سے یہ آپ کو دیا گیا تھا..

چارج فار پیمنٹ یا سٹیٹیوری ڈیمانٹ عموماً آپ کو میسینجر ایٹ آرمز یا شیرف افیسر کی جانب سے پہنچائے جاتے ہیں.

ٹرسٹ ڈیڈ کا حصول

اگر آپ کو ایک ٹرسٹ ڈیڈ دیا گیا ہو تو اس کا مطلب ہے کہ آپ واضح طور پر مفلس ہیں. تاہم، اگر آپ کا ٹرسٹ ڈیڈ ناکام ہوتا ہے یا آپکا ٹرسٹی سمجھتا ہو کہ یہ آپ کے کریڈیٹرز کے بہترین مفاد میں ہے تو صرف آپکو آپک ٹرسٹ ڈیڈ کا ٹرسٹی یا کریڈیٹرز ہی دیوالیہ قرار دے سکتے ہیں. آپ خود دیوالیہ پن کے لئے درخواست نہیں دے سکتے اگر آپ ایک ایسے ٹرسٹ ڈیڈ میں شامل ہوچکے ہیں جو محفوظ بن چکا ہو.

ڈیٹ ارینجمنٹ سکیم (ڈی اے ایس) کے تحت ڈیٹ پیمنٹ پروگرام

اپریرنٹ انسالوینسی کی تشکیل منسوخ شدہ ڑیٹ ارینجمنٹ سکیم ڈیٹ پیمنٹ پروگرام (ڈی پی پی) کے ذریعے کی جاتی ہے. آپ یا آپکے کریڈیٹرز صرف اس صورت میں دیوالیہ پن کیلئے درخواست دے سکتے ہیں جب ڈی پی پی منسوخ شدہ ہو اور کریڈیٹر نے آپ کے خلاف قانونی چارہ جوئی کی ہو.

3.1.2 سرٹیفیکیٹ فار سیکویسٹریشن کیا چیز ہے؟

'سرٹیفیکیٹ فار سیکویسٹریشن' ایک مجاز شخص کی جانب دی جاتی ہے جو اس بات کی تائید کرتا ہے کہ آپ نے ان کو دکھا دیا ہے کہ آپ واجب الادا قرضوں کی ادائگی کے قابل نہیں ہیں. اس میں آپ کی امدنی، اثاثوں (مثلاً آپکے بنک اکاونٹ میں رکھا ہوا پیسہ) کے ثبوت او آپکی ذمہ واریوں (انوایسیز اور ڈیمانڈ نوٹس) کے ثبوت بھی شامل ہوسکتے ہیں.

اکثر منی ایڈوایزرز، انسالوینسی پریکٹیشنرز اور بعض ایسے لوگ جو انسالوینسی پریکٹیشنرز کیلئے کام کرتے ہیں کو سرٹیفیکیٹ دینے کا اختیار حاصل ہوتا ہے.

آپ اس سرتیفیکیٹ فار سیکویسٹریشن کو اپنے دیوالیہ پن کی درخواست کیلئے استعمال کرسکتے ہیں. سرٹیفیکیٹ وصول کرنے کے 30 دن کے اندر اندر آپ کو درخواست دینا چاہئے ورنہ اس کے بعد وہ قابل عمل نہیں رہے گا. سرٹیفیکیٹ فار سیکویسٹریشن کے حصول کی کوئی فیس نہیں ہوتی، مگر مجاز شخص مشورہ دینے کیلئے آپ سے فیس

وصول کرسکتا ہے.

3.2 میرے اپنے دیوالیہ پن کیلئے درخواست دینے کی کیا شرایط ہیں؟

اگر آپ نے اپنے آپ کو دیوالیہ قرار دینے کا فیصلہ کیا ہے تو آپ کو مندرجہ ذیل **تمام** شرایط پوری کرنی ہے:

- یہ ضروری ہے کہ آپ پر 1,500 پونڈ یا اس سے زیادہ کا قرضہ ہو، مگر ایم اے پی کیلئے £17,000 سے زیادہ نہیں. اگر آپ کا قرضہ £17,000 سے زیادہ ہے، یا آپکے اپنے اثاثوں کی قیمت £2,000 یا اس سے زیادہ ہو تو پھر مکمل انتظامی راستے سے دیوالیہ پن کیلئے درخواست دے سکتے ہیں.
- آپ نے ضرور منی ایڈوایزر سے منی ایدوائس طلب کیا ہو.
- یہ ضروری ہے کہ آپ سکاٹلنڈ میں رہ رہے ہو، سکاٹلنڈ میں رہ چکے ہو یا درخواست دینے پہلے متصل سال میں سکاٹلنڈ میں کاروبار کیلئے کوئی مقام بنایا ہو؛
- گزشتہ 5 سالوں کے دوران آپ کو دیوالیہ نہیں قراردیاگیا ہو،

اور

- آپ درخواست کی فیس ضرور ادا کریں.

آپ ایم اے پی کے ذریعے دیوالیہ پن کے لئے درخواست نہیں دے سکتے اگر آپ کو گزشتہ 10 سالوں میں ایم اے پی کے ذریعے دیوالیہ قرار دیا گیا ہو.
آپ مندرجہ ذیل شرایط میں سے بھی **ایک** کو ضرور پورا کریں:

- یہ ضروری ہے کہ آپ ایم اے پی کی شرائط پوری کریں؛ **یا**
- آپ ضرور واضح طور پر مفلس ہو؛ **یا**
- ضرور آپ کے پاس سیکویسٹریشن سرٹیفیکیٹ ہو.

3.3 میں اپنے دیوالیہ پن کیلئے کس طریقے سے درخواست دے سکتا ہوں؟

اپنے دیوالیہ پن کیلئے درخواست دیتے وقت آپ کو اس بات کی ثبوت دینا پڑے گا کہ آپ دی اکاونٹنٹ ان بنکٹرپسی کو درخواست دینے کے مجاز ہیں. آپکا منی ایڈوائزر اس قابل ہونا چاہئے کہ آپ کیلئے ایک آن لائن درخواست مکمل کردے جو فوری طور پر تحویل کی جاتی ہے.

اگر آپ دیوالیہ پن کیلئے درخواست دینے کا سوچ رہے ہیں اور چیزوں پر غور کرنے کیلئے زیادہ وقت درکار ہو اور آپ کو اس بات کا اندیشہ ہو کہ آپ کے دراین اٹنا کیا کریں گے، توAiB کو بتا سکتے کہ آپ دیوالیہ پن کی درخواست دینے میں دلچسپی

رکھتے ہیں. یہ کام AiB اس درخواست فارم کے منگوانے کے ذریعے ممکن ہے جسے موریٹوریم اپلیکیشن فارم کہتے ہیں. جس وقت آپ اپنا موریٹوریم فارم کو AiB کو واپس بھیج دیں گے تو تو آپ کی تفصیلات کو RoI میں ریکارڈ کیا جائے گا. RoI میں اینٹری کے بعد آپ کے پاس چھ ہفتوں کا وقت ہوگا یہ فیصلہ کرنے کا کہ آپ نے دیوالیہ پن کی درخواست آگے لے جانا ہے . چھ ہفتوں کی اس مدت کے دوران آپ کے کریڈیٹرز آپ کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی نہیں کرسکتے. آپ 12ماہ کی مدت میں صرف ایک موریٹوریم درخواست دے سکتے ہیں کہ آپ دیوالیہ پن کی درخواست، ٹرسٹ ڈیڈ دینے یا DAS ڈیٹ پیمنٹ پروگرام میں شامل ہونے پر غور کررہے ہیں.

3.3.1 اس پر کتنا خرچہ آتا ہے؟

اس کا دارومدار اس بات پرہے کہ آپ دیوالیہ پن کیلئے کس طریقے پر درخواست دیتے ہیں. مینیمل اسیٹ پروسیس (ایم اے پی) کے ذریعے دیوالیہ پن کیلئے درخواست دینے پر £90 کا خرچہ اتا ہے جبکہ مکمل انتظامی طریقے پر £200 کا خرچ ہ آتا ہے .

اگر آپ ایم اے پی کے ذریعے درخواست دینا چا ہتے ہیں لیکن آپ متعلقہ کسوٹی پر پورا نہیں اترتے، اور آپ پھر بھی اپنے دیوالیہ پن کی درخواست کو آگے لے جانا چاہتے ہیں تو آپ سے مزید £110 کی ادائگی کا کہا جائے گا اور آپ سے ثبوت مانگا جائے گا جو اس بات کی تائید کرتا ہو کہ آپ اپیرنٹ انسالوینسی کےتحت یا سرٹیفیکیٹ فار سیکویسٹریشن کے ذریعے کوالفای کرتے ہیں.

اس قسم کی درخواس کی فیس میں کوئی رعایت یا استثنا نہیں ہوتی اور نہ ہی یہ ریفنڈ ہوتی ہے. دیوالیہ پن کیلئے آپ کی درخواست پر اسوقت تک غور نہیں کیا جائے گا جب تک مکمل فیس ادا نہیں کی جاتی.

اس کے جمع کرنے کی تفصیلات درخواست کے فارم میں دیئے گئے ہیں.

3.4 کوئی اور شخص مجھے دیوالیہ قرار دے اسکی کیا شرائط ہیں؟

کریڈیٹرز

اگر آپ پر کسی اور کا پیسوں کا ادھار ہو تو وہ آپ کو دیوالیہ قرار دے سکتے ہیں. آپ کے کریڈیٹرز شیرف سے کہہ سکتے ہیں کہ آپ کو دیوالیہ قرار دے اگر:

- ان کا آپ پر کم از کم £3,000 کا ادھار ہو – اس میں کسی قسم کی فیس، سود یا چارجیز ادھار کے علاوہ شامل ہوں گے؛ **اور**
- انہوں نے آپ کو سٹیٹیوری کتابچہ جسے 'ڈیٹ اڈوایس اینڈ انفارمیشن پیکیج' کہتے ہیں؛ دیا ہو؛ **اور**
- آپ واضح طور پر مفلس ہو. واضح افلاس کی وضاحت اس کتابچے کے 3.2.1 میں کی گئی ہے. آپ کے کریڈیٹرز اس صورت میں بھی واضح افلاس کو ثابت کرسکتے ہیں اگر آپ نے ٹرسٹ ڈیڈ پر دستخط کیا ہو جو محفوظ نہیں بن چکا ہے یا آپ نے رسمی طور پر انہیں آگاہ کیا ہو کہ آپ اپنے قرض کی ادائگی کے قابل نہیں ہیں.

ٹرسٹ ڈیڈ کا ٹرسٹی

اگر آپ ایک ٹرسٹ ڈیڈ پر دستخط کردیں اور آپ اپنے ٹرسٹی کے ساتھ تعاون نہیں کرتے، تو ان کو یہ حق حاصل ہے کہ شیرف سے کہہ دیں کہ آپ کو دیوالیہ قرار دے د دیں. انہیں ثابت کرنا پڑے گا کہ دیوالیہ پن کا اعلان آپ کے کریڈیٹرز کے بہترین مفاد میں ہوگا یا یہ کہ آپ نے ٹرسٹ ڈیڈ کے تحت اپنے فرایض نبھانے میں ناکام رہے ہیں. ٹرسٹ ڈیڈ کے بارے میں مزید معلومات AiB کی اشاعت 'ٹرسٹ ڈیڈ گایڈ' میں دستیاب ہیں.

اگر کوئ شخص آپ کو دیوالیہ بنانے کیلئے اقدام کررہا ہو تو آپ کو کریڈیٹر یا ٹرسٹی کی جانب سے اطلاع دی جائے گی.

3.5 مجھے دیوالیہ قراردینے میں کتنا وقت لگے گا؟

اگر آپ اپنے دیوالیہ پن کیلئے دی اکاونٹنٹ ان بنکٹرپسی کو درخواست دے دیں، تو AiB کو آپ کی درخواست ملنے کے بعد عموماً 5 کام ورکنگ دنوں میں آپ کو دیوالیہ قرار دیں گے. اگر AiB کو آپ سے مزید معلومات یا ثبوت حاصل کرنے کیلئے لکھنا پڑے تو پھرہوسکتا ہے اس میں زیادہ وقت لگ جائے. اگر آپ اطمینان بخش ثبوت فراہم نہیں کرتے جوکہ دیوالیہ پن کے لئے ایک شرط ہے، یا آپ نے صحیح فیس کی ادائگی نہیں کی ہو تو اپ کی درخواست مسترد ہوسکتی ہے.

جب آپ کا کریڈیٹر یا ٹرسٹ ڈیڈ کا ٹرسٹی شیرف سے کہہ دے کہ آپ کو دیوالیہ قرار دیں، تو آپ کو 2 ہفتوں میں دیوالیہ قراردیا جائے گا.

آپ کو ایک دستاویز، جسے وارنٹ ٹو سایٹ کہتے ہیں، بھیجا جائے، جس میں آپ کو مطلع کیا جائے گا کہ کس وقت شیرف کے سامنے آپ کی سماعت ہوگی. آپ خود عدالت کی سماعت میں حاضر ہوسکتے ہیں یا کوئی اور آپ کی نمائندگی کرے گا. سماعت میں شیرف یہ فیصلہ سنائے گا کہ آپ دیوالیہ ہیں کہ نہیں.

اگر سماعت میں آپ خود حاضر ہوجائیں یا کوئي اور آپ کی نمایندگی کرے او آپ کے حالات کے بارے میں ثبوت پیش کرے، تو ہوسکتا ہے کہ شیرف فیصلے کو ملتوی کرے اگر انہیں اطمینان ہوجائے کہ آپ 6 ہفتوں کے اندر اپنے واجبات ادا کریں گے یا اپکا پلان ہو کہ ایک ڈیٹ ارینجمنٹ سکیم کے ذریعے اپنے قرضوں کی ادائگی کریں.

اگر یہ ثبوت فراہم کریں کہ سماعت والے دن سے پہلے اپنے کریڈیٹر کو سارا کچھ ادا کیا ہے، تو شیرف دیوالیہ پن کا اعلان نہیں کرے گا.

اگر آپ کچھ بھی نہ کریں تو شیرف غالباً دیوالیہ پن کا اعلان کردے گا.

4. میرے دیوالیہ پن کے اعلان کے بعد کیا ہوتا ہے؟

جب آپ کو دیوالیہ قراردیا جاتا ہے تو آپ کو ایک خط بھیجا جائے گا یہ تائید کرنے کیلئے کہ آپ اب دیوالیہ ہیں او آپ کے ٹرسٹی کے بارے میں تفصیلات فراہم کی جائے گی.

4.1 ٹرسٹی کون ہوتا ہے؟

آپ کا ٹرسٹی وہ شخص ہوتا ہے جو آپ کے دیوالیہ پن کا انتظام کرتا ہے.
جب آپ اپنے دیوالیہ پن کیلئے درخواست دیتے ہیں، تو آپ اپنے ٹرسٹی کا انتخاب کرسکتے ہیں. دی اکاونٹنٹ ان بنکٹرپسی آپ کا ٹرسٹی ہوگا جب تک آپ نے ایک انسالوینسی پریکٹیشنر نامزد نہ کیا ہو اور اس نے تحریری طور پر اس نامزدگی کے بارے میں اپنی رضامندی ظاہر نہ کی ہو.

جب ایک کریڈیٹر یا ٹرسٹی شیرف کو کہتا ہے کہ آپ کو دیوالیہ قرار دے، تو وہ دی اکاونٹنٹ ان سالوینسی یا ایک انسالوینسی پریکٹیشنر کو بھی نامزد کرسکتے ہیں. اگر کوئی انسالوینسی پریکٹیشنر نامزد نہیں کیا گیا ہو، تو پھر اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی ہی آپ کا ٹرسٹی ہوگا.

4.2 دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی کیا کرتا ہے؟

دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی سکاٹیش سرکار کا ایک افیشل ہوتا ہے جو سکاٹلنڈ میں ذاتی بنکرپٹسی کے کیلئے ذمہ دار ہوتا ہے.
جب دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی آپ کا ٹرسٹی ہو، تو اس کا عملہ آپ کی بنکرپٹسی کا انتظام چلائے گا یا ہوسکتا ہے کہ وہ آپ کا کیس اس انسالوینسی پریکٹیشنر کے حوالے کریں جو اسکے لئے کام کرتا ہو. اس سے کوئي فرق نہیں پڑتا کہ آپ کے دیوالیہ پن کا انتظام کس طرح کیا جارہا ہے، لیکن آپ کو مطلع کیا جائے گا کہ کون آپ کے دیوالیہ پن پر کام کررہا ہے.

دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی دوسرے ٹرسٹیز کے کام کی نگرانی بھی کرتا ہے.

4.3 میرا ٹرسٹی کیا کرتا ہے؟

اس سیکشن کا ایم اے پی کے تحت کسی بنکرپٹسی اوارڈ پر اطلاق نہیں ہوتا.

آپ کے دیوالیہ پن کے آغاز میں آپ کا ٹرسٹی آپ سے پوچھے گا کہ اپنی مالیات اور اثاثوں کے بارے میں معلومات فراہم کریں. ان کو ان معلومات کی ضرورت ہوگی کہ آپ کا ادھار کیا ہے، کس کا آپ پرپیسوں کا ادھار ہے، آپ کی امدنی او اخراجات کیا ہیں. آپ کے ٹرسٹی کو یہ اختیار حاصل ہے کہ آپ سے ویج سلیپس، بلز اور بنک سٹیٹمنٹ مانگ لے.

اگر آپ کو مکمل انتظامی دیوالیہ کی حیثیت دی گئی ہو تو آپ کا ٹرسٹی آپکے گھر پر آپکا انٹرویو کرسکتا ہے، اپکے کاروبار کی جگہ کا دورہ کرسکتا ہے یا آپکو اپنے دفتر میں بلاسکتا ہے. وہ آپکو خط تحریر کرسکتے ہیں یا آپ سے ٹیلیفون پر بات کرسکتے ہیں. وہ آپ کے ڈیٹ کنٹریبیوشن آرڈر (ڈی سی او) – دیکھئے نیچھے سیکشن 4.8 – کی نگرانی بھی کریں گے جو 48 ماہ تک جاری رہے گا یا اس کی ہفتہ وار مطابقت (ماسوائے اس کے کہ آپ کے پاس کافی اثاثے ہوں اور آپ اپنے دیوالیہ پن کے مکمل قرضوں اور اخراجات کی ادائگی کردیں). دیوالیہ پن کی حیثیت دینے کے ہر چھ ماہ بعد آپکا ٹرسٹی آپ سے ایک فارم پُر کرنے کہے گا جسے کرنٹ سٹیٹ آف افیئرز کہتے ہیں جو آپ کے اس وقت کے حالات کی تصدیق کرے گا.

آپکو لازمی طور پر اپنے ٹرسٹی کیساتھ تعاون کرنا ہے ہے. اگر آپ ایسا نہ کریں تو ہوسکتا ہے کہ آپ کا دیوالیہ پن لمبے وقت کیلئے برقرار رہے یا آپ پر پابندیاں لگ جائیں. یہ بھی ممکن کہ آپ ایک جرم کا ارتکاب کررہے ہیں جس کے نتیجے میں آپ پر جرمانے یا قید یا دونوں سزائیں لاگو ہوں گی.

آپ کے ٹرسٹی جو کام کرتے ہیں اس کی وہ آپ سے فیس لیں گے. عموماً وہ پہلے سال کے اختتام پر حساب پیش کرتے ہیں او متواتر وقفوں کے مطابق ایسا کرتے ہیں جب تک ان کا کام ختم ہوجاتا ہے. ان کے حساب کی منظوری دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی یا منتخب کمیشنرز کی جانب سے دینا ضروری ہے.

ٹرسٹی کے اخراجات او فیس آپ کو ارسال کئے جائیں گے لیکن یہ ایک بل نہیں ہے او نہ ہی آپ اس براہ راست اس کی ادائگی کیلئے ذمہ دار ہیں. آپ حساب دیکھنے کا مطالبہ کرسکتے ہیں اور شیرف کو ان اخراجات کے بارے میں اپیل کرسکتے ہیں.
مگر آپ صرف اس صورت میں شیرف کو اپیل کرسکتے ہیں جب آپ ثابت کریں کہ فیس اور اخراجات کی کٹوتی آپکے مالی مفاد سے وابستہ ہے. شیرف کا فیصلہ حتمی ہوگا.

آپکا ٹرسٹی آپکے دیوالیہ پن کا مستقل ریکارڈ مرتب کردے گا. اس کو سیدرونت کتاب کہتے ہیں اور اس میں عدالت کے فیصلے، اکاونٹس اور میٹینگوں کے ریکارڈ کو محفوظ کیا جاتا ہے لیکن عام خط وکتابت کو نہیں.

4.4 مجھے دیوالیہ قراردینے کے بعد میری کیا ذمہ داریاں ہوں گی؟

یہ اہم ہے کہ آپ اپني ذمہ داریو کو سمجھ لیں. مندرجہ ذیل بعض ایسے کام ہیں جسے آپ نے ضرور کرنا اور نہیں کرنا ہے:

آپ نے ضرور:

- اپنے ٹرسٹی کیساتھ ہر وقت مکمل تعاون کرنا ہے؛ **اور**
- اپنے حالات میں کسی بھی قسم کی تبدیلیوں سے ٹرسٹی کو آگاہ رکھنا ہے، اگر آپ دوسر گھر میں منتقل ہوجاتے ہیں یا اگر آپ کے مالی حالات بدل جاتے ہیں.

آپ نے بلکل بھی:

- قرض دینے والوں یا سپلائرز سے £2000 سے زیادہ اشیا اور خدمات کیلئے کریڈیٹ حاصل نہیں کرنا ہے تاوقتیکہ آپ انہیں یہ نہ بتادیں کہ آپ دیوالیہ ہیں. اگر آپ انہیں دیوالیہ پن کے بارے میں نہیں بتادیتے تو ہوسکتا ہے کہ آپ ایک جرم کے مرتکب ہوں.
- کوئی لمیٹڈ کمپنی شروع نہیں کرنا اور نہ ہی کسی لمیٹڈ کمپنی کے روزمرہ انتظام میں شامل نہیں ہونا ہے؛ **اور**
- سکاٹش پارلیمان کے رکن کے طور پر، کسي مقامی کونسل، جسٹس آف پیس یا سکول بورڈ کے ممبر کے طور پر کام نہیں کرنا ہے.

یہ آپ کی ذمہ واریوں کی مکمل فہرست نہیں ہے. آپکا ٹرسٹی آپکو بتا دے گا کہ آپ سے خاص طور پر کیا کیا توقعات ہیں. اگر آپ اپنی ذمہ واریوں کور پورا نہیں کرتے، تو آپ بنکرپٹسی (سکاٹلنڈ) کے قانون 2016 کے مطابق ایک جرم کے مرتکب ہورہے ہیں اور اپکا ٹرسٹی آپ کے بارے میں پروکیوریٹر فیسکل کو رپورٹ دے سکتا ہے.

4.4.1 مالی تعلیم

اپکا ٹرسٹی یہ فیصلہ کرسکتا ہے کہ آپ کو مالی تعلیم کا ایک کورس مکمل کرلینا چاہئے تاکہ مستقبل میں اپنی مالیات کا انتظام سنبھالنے میں آپ کے ساتھ مدد کرے. ایسا صرف اس وقت ہوگا اگر آپ کے ٹرسٹی کے خیال میں یہ مناسب ہوگا، مثال کے طور پر، اگر:

- آپ کو اخری بار دیوالیہ قراردینے کے بعد پانچ سال کے اندر دیوالیہ پن کی حیثیت دی گئ ہو.
- دیوالیہ پن کی حیثیت دینے کے پانچ سال کی مدت کے اندر آپکو محفوظ ٹرسٹ ڈیڈ دیا گیا ہو.
- دیوالیہ پن کی حیثیت دینے سے پہلے ایک کے اندر آپ ڈیٹ ارینجمنٹ سکیم کے تحت ڈیٹ منیجمینٹ پروگرام میں حصہ لیا ہو.
- آپ بنکرپٹسی ریسٹریکشنز آرڈر کے لئے دی جانے والی ایک درخواست کیوجہ سے ہدف تحقیقات ہیں.
- ٹرسٹی سمجمھتا ہو کہ دیوالیہ پن کی حیثیت دینے سے پہلے یا بعد میں آپ کا روپے سے ایسا لگتا ہو کہ مالی تعلیم کے کورس سے آپ کو فائدہ ہوگا.
- آپ خود مالی تعلیم کا کورس مکمل کرنے پر راضی ہوگئے ہو.

4.5 ان چیزوں کا کیا بنے گا جو میری ملکیت میں ہیں؟

آپ کا ٹرسٹ آپ کے اثاثوں (وہ اشیا جو آپ کی ملکیت ہیں)، بشمول زمین او عمارتوں کے، کو اکٹھا کرلے گا اور پھر انہیں فروخت کرکے اور اس سے آپ کے دیوالیہ پن او قرضوں کی ادائگی کا انتظام کرائے گا.

4.5.1 اثاثے کیا ہوتے ہیں؟

آپ کے اثاثوں میں پیسہ، بچت، جائداد، گاڑیاں، لایف پالیسیاں، زیورات، حصص اور پیمنٹ پروٹیکشن انشورنس کمپنسیشن جیسی اشیاء شامل ہیں.

جب آپ دیوالیہ بن جاتے ہیں تو آپ کے اثاثوں کا اختیار بھی اپکے ٹرسٹی کو منتقل ہوجائے گا. آپ کے پیسے اور اثاثوں کے حقوق، مثلاً کاروباری قرضے، بھی اپکے ٹرسٹی کو منتقل ہوجائیں گے.

عموماً ان چیزوں کو آپ کے ہاں چھوڑ دیا جن کی آپ کو روزمرہ کی بنیاد پر ضرورت رہے گی، جیسے کپڑے، فرنیچر، گھریلو پہناوے، کمبل، پکانے یا دھونے کا سامان، تعلیمی اشیا او بچوں کے کھلونے. آپ £1,000 تک قیمت والی اوزار، جو آپ کی تجارت کاروبار کیلئے ضروری ہوں، کو بھی رکھ سکتے ہیں. آپ ایک ایسی گاڑی، جس کی آپ کو معقول طور پر ضرورت ہو اور جس کی قیمت £3,000 سے

زیادہ نہ ہو، کو بھی رکھ سکتے ہیں.

اپنے دیوالیہ پن کے دوران جب بھی آپ کسی قسم کے نئے اثاثے حاصل کرلیتے ہیں تو ضرور اپنے ٹرسٹی کو آگاہ کردیں.

اگر آپ کا یہ خیال ہو کہ آپ کے آپ کے دیوالیہ پن سے پہلے پانچ سالوں میں آپ نے کسی قسم کے اثاثے ان کی اصلی قیمت سے سستی قیمت پر فروخت کئے ہیں، دے دئے ہیں یا ٹھکانے لگائے ہیں، تو وہ شیرف سے کہہ سکتے کہ سودا کو پلٹا کر اور اثاثوں کو واپس لے آو.

4.5.2 میرے گھر کا کیا بنے ہوگا؟

یہ کہ آپ کے گھر کا کیا بنے گا، اس بات کا دارومدار کئی چیزوں پر ہوگا، مثلاً ایا یہ آپ کی اپنی ملکیت ہے یا کرایے پہ لیا ہوا ہے یا آپ اپنے خاندان کے ساتھ یا دوستوں ہاں رہ رہے ہیں.

اگر میں اپنے گھر کا مالک ہوں تو؟

اگر آپ اپنے گھر، یا کسی اور جائداد کے مالک ہیں، تو آپکے دوسرے اثاثوں کیساتھ ان کا اختیار بھی ٹرسٹی کو منتقل ہوجائے گا. آپکا ٹرسٹی ہمیشہ لینڈ رجسٹر میں دیکھتا رہے گا تاکہ اس بات کو یقینی بنائے کہ آپ کسی جائداد کے مالک ہیں یا نہیں. آپ کا ٹرسٹی آپکا گھر فروخت کرسکتا ہے یا اپکے زوج، پارٹنر یا فیملی ممبر کو اجازت دے سکتا ہے کہ اس میں ٹرسٹی کے حصے کو خرید لیں. اگر آپ کا ٹرسٹی اسے فروخت کرنے کا فیصلہ کرلے، تو یہ جائداد اوپن مارکیٹ میں فروخت کی جائے گی. اپکے ٹرسٹی کو ضرور بہترین قیمت حاصل کرلینا چاہئے. آپ کو اپنی ملکیت کی کسی بھی جائداد کے فروخت کرنے کی اجازت نہیں ہے.

جائداد کے بارے میں فیصلہ کرتے وقت آپکا ٹرسٹی بہت سی چیزوں پر غور کرے گا، بشمول: قیمت، کہیں آپ نے اس پر کوئی قرضہ تو نہیں لیا ہے اور ایا اس پراپرٹی میں آپ کے بچے تو نہیں رہ رہے.

اگر آپ جائداد کے مالک ہیں، بنفس نفیس یا کسی اور کے ساتھ، تو یہ آپ کے بہترین مفاد میں ہے کہ جلد سے جلد یا ترجیحاً دیوالیہ ہونے سے پہلے ازادانہ قانونی مشورہ حاصل کرلیں. دیوالیہ پن سے آپ کی فراغت کے باوجود، اپکا ٹرسٹی پھر بھي اپکی جائداد سے سروکار رکھے گا. یہ خودبخود آپ کو منتقل نہیں ہوجائے گی.

اگر ماضی میں میرا کوئی گھر ہوتاتھا تو؟

اگر آپ ایک گھر(یا کسی اور جائداد) کے کلی یا جزروی طور پر مالک ہوتے تھے او

اسے آپ نے شریک حیات، پارٹنر یا کسی دوسرے شخص کو فرخت کردیا یا دے دیا، تو آپ کا ٹرسٹی یہ دیکھ لے گا کہ ایا آپ اسے پوری قیمت لگائي تھی (دیکھئے سیکشن 4.5.1). آپ کا ٹرسٹی آپ سے یہ بھی پوچھ لے گا کہ جو پیسہ آپ نے جائداد سے وصول کیا اس کا کیا بنا. اگر آپ نے اپنے گھر کو ڈسپوز آف کیا ہے یا فروخت کے کسے حصے کے چھپانے کی کوشش کی ہو تو بنکرپٹسی (سکاٹلنڈ) کے قانون 2016 کے تحت آپ نے جرم کا ارتکاب کیا ہے. آپ کا ٹرسٹی آپ کے بارے میں پروکیوریٹر فیسکل کو رپورٹ کرسکتا ہے اور جائداد پر دعوئ کرسکتا ہے.

اگر میری پراپرٹی میری اور کسی دوسرے شخص کی مشترکہ ملکیت ہو تو؟

اگر آپ کا گھر آپ، آپکے شریک حیات، پارٹنر یا کسی اور شخص کی مشترکہ ملکیت ہے تو آپ کا ٹرسٹی تمام فریقوں کے ساتھ آپشنز پر بات کرے گا. شریک مالک (مالکان) کے تعاون سے گھر میں آپ کے حصے سے نمٹنے کے عمل کو اسان بنے گا اور اخراجات بھی کم ہوجائیں گے.

ہوسکتا ہے کہ آپ کا ٹرسٹی اس بات پر راضي ہو جائے کہ شریک مالک (مالکان) گھر میں اس کے حصے کو خرید لے. ہو سکتا ہے اسکی ادائگی یک مشت، اقساط میں ہو یا ریمارگیج پیکیج کے ذریعے ہو. آپ کا ٹرسٹی اور شریکا مالک (مالکان) ہر ایک اپنے حصے کے قانونی اخراجات کے ذمہ وار ہوں گے.

جب گھر یا جائداد مشترکہ ملکیت ہو، شریک مالک آپ کے ٹرسٹی کی مرضی کے بغیر فروخت نہ کرسکتا .

اگر میں اپنا مارگیج ادا نہیں کرسکتا ہوں تو کیا ہوگا؟

اگر آپ اپنے گھر پر قرضہ لیا ہو اور آپ مارگیج اور قرضے کی ادائگی کو جاری نہیں چاہتے، تو آپ کو قرضہ فراہم کرنے والا آپ کے گھر کو واپس حاصل کرسکتاہے. آپ کا ٹرسٹی جائداد کی واپس وصولی کی عمل کو روکنے میں بے بس ہے. اگر آپ کا گھر واپس وصول کیا جاتا ہے اور قرضہ دینے والے کی جانب سے فروخت کیا جاتا ہے تو قرضہ اتارنے کے بعد جو کچھ بہ باقی بچ جاتا ہے وہ ٹرسٹی کو منتقل کیا جائے گا.

اگر میں اپنا گھر کرایے پہ لوں تو؟

اگر آپ کا گھر کرایے کا ہو، تو عموماً آپکے ٹرسٹی کو اس میں کوئی دلچسپی نہیں ہوگی بشرطیکہ آپ یہ ثبوت فراہم کردیں کہ یہ کرایے کا ہے.

مگر آپ کو یہ گھر تبدیل کرنا پڑے گا اگر اپکا ٹرسٹی یہ سوچتا ہو کہ آپ بہت زیادہ کرایہ دے رہے ہیں. وہ شیرف کو درخواست دے سکتے کہ ایک حد مقرر کی جائے جس کے مطابق آپ کو کرایہ ادا کرنا چاہئے تاکہ آپ اس قابل رہیں کہ اپنے دیوالیہ پن اور قرضوں کی ادائگی میں حصہ لے سکیں.

اگر آپ پر کرایے کی بقایہ جات ہیں تو اپکا مالک مکان کو آپکے دیوالیہ بننے کے بعد انہیں لنے کیلئے کوئی اقدام نہیں کرنا چاہئے. تاہم اگر اگر دیوالیہ بننے کی تاریخ کے بعد آپ کرایہ ادا نہیں کرتے تو وہ آپ کے انخلا کیلئے اقدام کرسکتا ہے.

4.6 میری لایف پالیسیوں کا کیا ہوگا؟

آپکا ٹرسٹ آپ کے بیمہ زندگی کی پالیسیوں کے بارے معلوم کرنا چاہے گا کیونکہ ہوسکتا ہی کہ وہ آپکے دیوالیہ پن کے حوالے اثاثے ہوں. کچھ پالیسیاں ایسی ہیں جو صرف موت واقع ہونے پر ادائگی کرتے ہیں. دوسري پالیسیاں، مثلاً اینڈاومنٹ پالیسیاں، موت کے وقت یا پہلے سے طے شدہ تاریخ پر ادائگی کرتے ہیں. اینڈاومنٹ پالیسیاں یا وہ پالیسیاں جن میں اینڈاومنٹ کا عنصر شامل ہو ایک تسلیم شدہ قیمت حاصل کرلیتی ہیں اور نقد شکل میں ہوسکتی ہیں. اپکا ٹرسٹی ایسا اس لئے کرسکتا ہے تاکہ پیسے کو دیوالیہ پن میں لایا جائے.

اکثر ایک اینڈوامنٹ پالیسی کو رسماً اپکے بنک یا بلڈنگ سوسایٹی کے حوالے کیا جاتا ہے تاکہ پالیسی کے پیسے سے آپ کے مارگیج کی کلی یا جزوی ادایگی کی جائے.

یہ کہ جب آپ دیوالیہ قرار دئے جائیں گے تو آپ کی مقررہ اینڈاومنٹ پالیسي کا کیا بنے گا، اس کا دارومدار اسی پر ہے جو کچھ آپ کے گھر کا کیا ہوتا ہے.

4.7 ان اشیا کا کیا ہوگا جو کرایے کی خریداری پر ہیں؟

اکثر اس قسم کی اشیا اس کمپنی کی ملکیت رہتی ہے جس نے ان کی خریداری کیلئے پیسوں کا اہتمام کیا ہو. جس پیمنٹ پر اتفاق ہوچکا ہے اگر آپ اس کے بارے میں اپنا وعدہ پورہ نہیں کرسکتی تو کمپنی انہیں اٹھاکر لےجا سکتی ہے اور فروخت کرسکتی ہے.

4.8 کیا مجھے اپنے دیوالیہ پن میں کچھ کنٹریبیوشن کا کہا جائے گا؟

آپ کا ٹرسٹی آپ سے کہہ سکتا ہے کہ اپنی آمدنی یا پینشن سے اپنے دیوالیہ پن اور قرضوں کے اخراجات میں اپنا حصہ ڈال دیں ا گر خیال کیا جاتاہو کہ آپ کے پاس 'اضافی امدنی' (یعنی ایک معقول طرز زندگی کو برقرار رکھنے کی ضرورت سے زیادہ) ہے . وہ سوشل سیکیورٹی یا ٹیکس کریڈیٹ سے پیسہ نہیں لیں گے.

آپکا ٹرسٹی یا منی ایڈوائزر (درخواست کے عمل کے ایک حصے کے طور پر)، آپکی امدنی اور اخراجات کا اندازہ لگالے گا اور یہ حساب لگائے گا کہ آپ ایا آپ کی کوئی اضافی آمدنی ہے جس سے آپ کنٹریبیوشن کریں.

دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی آپ کی کنٹریبیوشن کی رقم مختص کرنے کیلئے ایک ڈیٹر کنٹریبیوشن آرڈر (ڈی سی او) تیار کردے گا. یہ ڈی سی او 48 ماہ یا اسکے مطابق ہفتوں کی مدت تک جاری رہے گا. اپکا ٹرسٹی کنٹریبیوشن کے تما پیمنٹس کی نگرانی کرے گا. آپ کو چھ ماہ تک ادائگی سے چھوٹ لینے کی اجازت ہوگی. اس صورت میں ڈی سی او کی اختتامی تاریخ میں توسیع کی جائے گی تاوقتیکہ تمام مطلوبہ ادائگیاں مکمل ہو جائیں. ڈی سی او کی 48 ماہ کی مدت میں آپ صرف ایک بار چھوٹ لینے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں.

اپکو ادائگی سے چھوٹ صرف مندرجہ ذیل حالات میں دی جائے گی:

- جب آپ کی ڈسپوزیبل آمدنی میں 50% کی کمی آئے (شرائط کا اطلاق ہوتا ہے)؛ اور
- آپ نے اس سے پہلے ادائگی سے چھوٹ کیلئے درخواست نہیں دی ہوئی ہو.

اگر آپ ٹرسٹی کیساتھ تعاون نہیں کرتے اور جس پیمنٹ پر اتفاق ہوا ہے اس کی ادائگی بھی نہیں کرتے تو آپ کا ٹرسٹی براہ راست اپ کے اجر سے آپ کے ڈی سی او کی ادائگی کی درخواست کرسکتا ہے. اپکا ٹرسٹی یہ بھی مانگ سکتا ہے کہ دیوالیہ پن سے آپ کے ڈسچارج کو ہمیشہ کیلئے ملتوی کیا جائے.

4.8.1 آپ کے حالات پر نظرثانی

تو آپ فوری طور پر اپنے ٹرسٹی کو اطلاع دے دیں. اگر آپ کی امدنی یا اخراجات میں اہم تبدیلیاں واقع ہوتی ہیں تو آپکا ٹرسٹی آپکے ڈی سی او کا دوبارہ حساب لگالے گا. اگر آپ صرف سوشل سیکوریٹی بینیفٹس لے رہے ہیں تو ایک ایسا ڈی سی او تیار کیا جائے گا جس کی رو سے آپکی کنٹریبیوشن صفر ہوگی. دیوالیہ پن سے اپکے

ڈسچارج ہونے سے پہلے یہ صرف اسوقت بدل سکتا ہے جب آپ کوئی روزگار حاصل کرلیتے یا بینیفٹس کے علاوہ کوئی اور امدنی اجاتی ہے.

جبتک ڈی سی او ختم نہیں ہوتا ہر چھ ماہ کے بعد آپکا ٹرسٹی آپ کو ایک سوالنامہ بھیج دے گا تاکہ آپ اپنی مالی حیثیت پر نظرثانی کرلیں. اس فارم کو 'کرنٹ سٹیٹ آف افئرز' کہتے ہیں. آپ ضرور اسے مکمل کرکے واپس کردیں. یہ ضروری ہے کہ آپ اپنے ٹرسٹی کو پتے، رابطے کی نئی تفصیلات، اور اپنی امدنی اور اخراجات کی تبدیلیوں سے باخبر رکھیں. اگر آپکا ٹرسٹي آپکے ساتھ رابطہ نہیں کرسکتا تو وہ سمجھ لے گا کہ آپ تعاون نہیں کررہے اور ہوسکتا ہے وہ دیوالیہ پن سے آپکی ڈسچارج کو ہمیشہ کیلئے ملتوی کرنے کی درخواست کریں.

اگر آپ اپنے ڈی سی او سے ناخوش ہیں تو آپ اپنی کنٹریبیوشن کے حساب پر نظرثانی کرنے کیلئے درخواست دے سکتے ہیں. یہ نظرثانی AiB کی جانب سے کی جائے گی.

4.9 اس پیسے کا کیا بنے گا جو میرے ٹرسٹی کے ہاں جمع ہوگا؟

اپکا ٹرسٹي جمع شدہ پیسے کو تقسیم کردے گا. وہ تمام کریڈیٹرز کو دعوت دے گا کہ اپنی مانگیں بتائیں. آپکا ٹرسٹی اپنی فیس اور اخراجات کی کٹوتی کے بعد باقی ماندہ پیسوں کو کریڈیٹرز میں تقسیم کردے گا. آپ کے کریڈیٹرز کو ہونے والی کوئی بھی ادائگی (جسے ڈیویڈنڈز کہتے ہیں) ہوسکتا ہے کہ قرض کی ساری رقم کو پوری نہ کرے. کوئی بھی باقی ماندی قرض کو ڈسچارج کیا جائے گا اور آپ کو اس کی ادائگی نہیں کرنی پڑےگی. تاہم، اس رول کے کچھ استثنات ہیں. برائے مہربانی ڈسچارج سے ماورا لاییبلٹیز کی مکمل فہرست کیلئے دیکھئے صفحہ 27.

4.10 میرے دیوالیہ پن کے انتظامی اخراجات کون برداشت کرے گا؟

آپ کے دیوالیہ پن کے اخراجات اس پیسے سے پورے کئے جائیں گے جو آپکے اثاثوں کی فروخت اور آپکی آمدنی سے ہونے والی کنٹریبیوشن کے نتیجے میں جمع ہوگا. ان میں ٹرسٹی کی فیس اور اخراجات شامل ہیں اور آپ کے کریڈیٹرز کو کسی بھی ادائکی سے پہلے ادا کئے جائیں گے.

جب ٹرسٹی دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی ہو، تو وہ اخراجات جو اثاثوں کی فروخت یا کنٹریبیوشن سے پورے نہیں کئے جاسکتے وہ پبلک پرس (سرکاری خزانے) پورے کئے جائیں گے. **تاہم، سرکاری خزانے سے اپکے کریڈیٹرز کو قرضے کی کوئی ادایگی نہیں کی جائے گی.**

جب اثاثوں کی فروخت اور آپکی کنٹریبیوشنز سے اتنا پیسہ فراہم ہوجائے جو انتظامی اخراجات کیلئے کافی ہو تو پٹیشن داخل کرنے والا کریڈیٹر پٹیشن پر آنے والے اخراجات کی رقم واپس لے سکتا ہے. اس کے بعد ان کا قرضہ اور دوسرے کریڈیٹرز کے قرضہ جات برابر تصور کئے جائیں گے.

جب انسالوینسی پریکٹیشنر ہی ٹرسٹی ہو تو جو اخراجات اثاثوں کی فروخت یا کنٹریبیوشن سے پورے نہ ہورہے ہوں تو ٹرسٹیز کو خود انہیں برداشت کرنے پڑیں گے. آپ کی دیوالیہ میں ٹرسٹی کے طور پر آنے کیلئے اتفاق کرنے سے پہلے انسالوینسی پریکٹیشنر اس پر غور کرلے گا.

4.11 میرا دیوالیہ پن عام طور پر کتنے وقت کے لئے برقرار رہے گا؟

معمولاً اپکو دیوالیہ پن کے اغاز کی تاریخ سے لیکر ایک سال بعد دیوالیہ پن سے ڈسچارج کیا جائےگا. اگر آپ کو مینیمل ایسٹ پروسیس (ایم اے پی) کے تحت دیوالیہ قرار دیا گیا ہو، تو آپ خودبخود چھ ماہ کے بعد ڈسچارج ہوجائیں گے.

آپکو ڈسچارج ہونے کی اطلاع پوسٹ یا ایمیل کے ذریعی دی جائے گی اس کا انحصار اس بات پر ہوگا کہ آپ کس طریقے کو ترجیح دیتے ہیں.

آپ کی ڈسچارج کا انحصار اپنے ٹرسٹی کیساتھ آپکے تعاون پر ہے. اگر آپ اپنے ٹرسٹی کیساتھ تعاون نہیں کرتے تو آپ کی ڈسچارج نامعلوم وقت تک ملتوی ہوسکتی ہے.

اگر آپ کور ایم اے پی کے ذریعے دیوالیہ قرار دیا گیا ہو تو اور آپکے ٹرسٹی کو معلوم ہوتا ہے کہ:

- دیوالیہ پن کیلئے درخواست دینے والی تاریخ کو آپ کے ذمے £17,000 سے زیادہ کی لایبیلیٹیز تھیں؛ یا
- آپ ایک ایسی آمدنی رکھتے ہیں جس سے آپ کنٹریبیوشن کی ادائگی کرستکے ہیں؛ یا
- دیوالیہ پن کیلئے درخواست دینے والی تاریخ کو آپ کے کل اثاثے £2,000 سے زیادہ ہوں یا آپ زمین اور جائداد کے مالک ہو

تو پھر اپکا دیوالیہ پن ایم اے پی کی کسوٹی پر پورا نہیں اترتا. اپکے کیس فُل ایڈمینسٹریشن کیجانب منتقل کیا جائے گا اور اس کے بعد آپ چھ مہینوں کے بعد خوبخود ڈسچارج نہیں ہوں گے. اگر آپ نے جان بوجھ کر اثاثوں کو چھپایا ہو یا جان بوجھ کر غلط بیانی کی ہو تو آپ پر بنکرپٹسی ریسٹریکشن آرڈر لاگو کیا جائے

گا اور کا ڈسچارج نامعلوم مدت کیلئے ملتوی کیا جائے گا۔ مزید تفصیلات کیلئے دیکھئے AiB کا ویب سائٹ .www.aib.gov.uk

اگرغلط معلومات کی فراہمی کے نتیجے میں آپ کا کیس ایم اے پی سے فًل ایٹ منسٹریشن کو منتقل کیا جاتا ہے تو تو آپ کو AiB درخواست کی فیس میں £110 کا اضافی بیلنس ادا کرنے پڑے گا۔ جبتک آپ اس اضافی فیس کی ادائگی نہیں کرتے اس وقت تک آپ اپنا ڈسچارج وصول نہیں کرپائیں گے۔

باوجویکہ آپ ڈسچارج ہوچکے ہو آپ کا دیوالیہ پن اس وقت ختم نہیں ہوگا جب تک آپکے ٹرسٹی کو اس کے فرائض سے فارغ نہیں کیاگیا ہو۔ ٹرسٹی اوس وقت ڈسچارج نہیں کیاجائے گا جب تک نہوں نے آپ کے تمام اثاثوں اور مقدمے کا کام مکمل نہ کیا ہو۔ آپ ضرور اپنے ٹرسٹی کیساتھ تعاون کریں جب تک وہ ڈسچارج ہوتے ہیں۔

جب آپ کا ٹرسٹی ڈسچارج کیلئے درخواست دے گا تو آپ کو مطلع کیا جائے گا۔

4.12 کیا میرا دیوالیہ پن جلد ختم ہوسکتا ہے؟

اپ کے دیوالیہ کو ختم کرنے کا صرف ایک ہی طریقہ ہے جسے ریکال کہتے ہیں۔ ریکال کے حصول کیلئے دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی یا شیرف کو درخواست دی جاسکتی ہیے۔ آپ کے کریڈیٹرز آپکے دیوالیہ پن کے اختتام پر اعتراض کرسکتے ہیں۔

4.12.1 AiB کی جانب سے دیوالیہ پن کی ریکال

AiB صرف اس وقت ریکال دے سکتی جب آپ تمام قرضوں اور اپنے ٹرسٹی کی فیس اور اخراجات کی ادائگی کے قابل ہوں گے۔ اگر AiB ریکال کی درخواست کو مسترد کردیتی ہے، تو آپ، اپکا ٹرسٹی، یا کریڈیٹر AiB کے فیصلے پر نظرثانی کی درخواست دے سکتا ہے۔ اگر آپ اس فیصلے سے مطمئن نہیں ہیں، تو آپ، یا پہلے ذکرشدہ اشخاص، اس فیصلے کیخلاف شیرف کو اپیل کرسکتے ہیں۔

4.12.2 شیرف کی جانب دیوالیہ پن کی ریکال

باقی تمام حالات کے علاوہ شیرف ریکال کے حوالے سے اس حقیقت پر بھی غور کرے گا جب آپ ثابت کرسکتے ہیں کہ آپ کو دیوالیہ نہیں قرار دینا چا ہئے تھا۔

ریکال کے نتیجے میں قرض دار یا کسی دوسرے شخص کی تقریباً وہی حالت بحال کی

جاتی ہے جب ان کیلئے دیوالیہ پن اعلان نہیں کیا گیا تھا.

جن کریڈیٹرز نے آپ کو دیوالیہ بنادیا تھا وہ بھی شیریف کو اپکے دیوالیہ پن کی ریکال کیلئے پٹیشن بھیج سکتے ہیں اگر انہوں نے آپ کو غلطی سے دیوالیہ بنادیا ہو. اگر ایک کریڈیٹر پٹیشن بھیجتا دیتا ہے تو آپکے ٹرسٹی کی فیس اور ریکال کے اخراجات بھی اسے برداشت کرنے پڑیں گے.

اگر ریکال دی جاتی ہے تو اسکا یہ مطلب نہیں کہ آپکو دیوالیہ نہیں قراردیا گیا تھا اور اپکے دیوالیہ پن اور ریکال کی تاریخ پبلک رجسٹر آف انسالوینسیز میں آپ کے دیوالیہ پن کی تاریخ سے پانچ سال تک درج کیا جائے گا

5. دیوالیہ پن کی حدود

اگر آپ کا ٹرسٹی سمجھتا ہے کہ دیوالیہ سے **پہلے یا اس کے دوران** آپ کاعمل کسی نہ کسی طرح بددیانتی پر مشتمل تھا اور مجرمانہ تھا، تو وہ اس کی رپورٹ AiB کو دیں گے. (AiB) آپ کے ٹرسٹی کی جانب سے فراہم کردہ ثبوت پر غور کرے گی او فیصلہ کرے گی کہ آپ کا بنکرپٹسی ریسٹریکشن آرڈر (بی آر او) درست ہے یا نہیں.
بی آر او ایک قرضدار پر اسی قسم کی پابندیاں لگاتا ہے جن کا اطلاق اس وقت ہوتا ہے جب وہ دیوالیہ پن سے ڈسچارج کے بعد ایک اور مدت کیلئے دیوالیہ بن جاتے ہیں.
AiB کم ازکم دو سال سے لیکر پانچ سال (مگر غیر مشمول) کا بی آر او بنا سکتا ہے.
اگر AiB سمجھتی ہو کہ لمبا بی آر او مناسب ہے تو پھر اکاونٹنٹ شیرف کو کو درخواست دے گا کہ پانچ اور پندرہ سال کے درمیان ایک بی آر او بنا دے. اگر آپ بی آر او کی جانب سے لاگو کردہ حدود کی متابعت نہیں کرتے تو آپ ایک جرم کے مرتکب ہورہے ہیں.
آپ کے بی آر او کی تفصیلات رجسٹر آف انسالوینسیز میں درج کی جائے گی.

مندرجہ ذیل اعمال کے وہ نمونے ہیں جو بددیانتی پر مشتمل یا مجرمانہ سمجھے جاتے ہیں اور جن کیلئے بی آر او بنایا جاسکتا ہے:

- ایسے قرضوں کا لینا جن کا آپ کو پتہ تھا کہ ادائگی کا کوئی معقول امکان نہیں تھا؛
- اثاثوں کو کم قیمت پر دینا یا فروخت کرنا؛
- جوا کھیلنا یا جلدبازی کی سٹہ بازی کرنا یا غیر معقول طور پر فضول خرچی کرنا

- اپنے دیوالیہ پن کے دروان اپنے ٹرسٹی کیساتھ تعاون نہیں کرنا.

یہ ان رویوں کی مکمل فہرست نہیں جن کی وجہ سے ایک بی آر او کا قیام عمل میں لایا جاتا ہے. AiB کی اشاعت 'بنکرپسي ریسٹریکشنز گائڈ' میں دیوالیہ پن کی پابندیوں کے بارے میں مزید تفصیلات موجود ہیں. اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی کے ویب سایٹ پر پی ڈی ایف ورژن بھی ڈاون لوڈ کیلئے دستیاب ہے.

6. ڈسچارج ہونے کے بعد کیا ہوگا؟

اگر آپ کنٹریبیوشن کررہے ہیں اپنے ٹرسٹی کو اس کی ادائگی جاری رکھو اگرچہ آپ دیوالیہ پن سے ڈسچارج ہوچکے ہیں. آپ کے ڈسچارج ہونے کے بعد آپ کا دیوالیہ پن اسوقت ختم نہیں ہوگا جب تک آپ کے ٹرسٹی دیوالیہ پن کا انتظام مکمل نہیں کرتے اور وہ اپنے فرائض سے فارغ نہیں ہوتے. آپ نے اپنے ٹرسٹی کیساتھ اس وقت تعاون جاری رکھنا ہے جب تک وہ ڈسچارج نہیں ہوتے.

6.1 ڈسچارج ہونے کے بعد میرے قرضوں کا کیا بنے گا؟

جب آپ ڈسچارج ہوجاتے ہیں تو آپ ان قرضوں کو ادا نہیں کریں گے جو دیوالیہ ہونے سے پہلے آپ پر تھے، اگرچہ اس بارے میں کچھ استثنات ہیں:

آپ اب بھی مندرجہ ذیل ادائگیوں کیلئے ذمہ دار ہیں:

- عدالت کی جانب سے عاہد شدہ جرمانے، پینلٹییز، معاوضے اور ہرجانے؛
- بینیفٹس کی زیادہ وصولی کے بشمول فراڈ پر مبنی لایبلیٹیز؛
- ہرجانے ادا کرنے کی کوئی ذمہ داری؛
- کسی ایسے شخص کا ادھار جس کے پاس آپ کی جائداد کی سیکیورٹی ہو، مثال کے طور پر مارگیج یا سیکیورڈ قرضہ.

اگر آپ پر ڈیپارٹمنٹ فار ورک اینڈ پینشنز کا پیسہ ہے تو آپکا ٹرسٹی کو مشورہ دینے کا قابل ہوگا اگر ان پیسوں کی ادائگی آپ کے دیوالیہ پن کے خاتمے کے بعد ضروری ہے.

مذکورہ بالا استثنات کے علاوہ، آپکے قبل از دیوالیہ پن کریڈیٹرز آپ کے خلاف قانونی چارہ جوئی نہیں کرسکیں گے تاکہ کسی ماقبل از دیوالیہ پن قرضے کو حاصل کریں جو دیوالیہ پن سے آپ کے ڈسچارج ہونے کے بعد بھی ادا نہیں گئے ہیں.

آپ نے اپنے ٹرسٹی کیساتھ اگر کسی کنٹریبیوشن کی ادائگی پر اتفاق کیا ہو اسکی ادائگی کیلئے اب بھی آپ ذمہ وار ہیں.

ایک کریڈیٹر اب بھی کسی دوسرے شخص کیخلاف کاروائی کرسکتا ہے جو لاییبلیٹی میں شریک ہو، مثلاً آپ کا شریک حیات.

آپ اپنے سیکیور کریڈیٹر کو بھی ادائگی کی ذمہ وار ہونگے، مثلاً آپکے گھر کے مارگیج کیلئے ادھار دینے والے.

آپ کے دیوالیہ پن کے بعد جو قرضے بڑھ گئے ہیں آپ ان کی ادائگی کیلئے بھی ذمہ دار ہوں گے، مثلاً کرایہ، کونسل ٹیکس، گیس، بجلی یا ٹیلیفون کی باقی ماندہ بلز.

6.2 میرے ڈسچارج ہونے کے بعد میرے اثاثوں کا کیا بنے گا؟

آپکے ڈسچارج کیساتھ آپکا دیوالیہ پن اختتام کو نہیں پہنچتا. آپکے ٹرسٹی کا اب بھی یہ فرض ہوگا کہ کسی بھی قیمتی اثاثے کو فروخت کردے اور کافی پیسے کو اکھٹا کرکے آپ کے کریڈیٹرز کو ادا کردے. اگر آپ کے ٹرسٹی کے ڈسچارج ہونے کے بعد بھی اسے یہ پتہ لگ جائے کہ دیوالیہ پن کے دوران آپ کے پاس کوئي قیمتی اثاثہ تھا جسے آپ نے ڈیکلئر نہیں کیا تھا تو وہ شیرف کو درخواست دے سکتا ہے تاکہ اسے دوبارہ اپکا ٹرسٹی لگا دے. دوبارہ اپکا ٹرسٹی ہونے سے اسے یہ اجازت ملے گی کہ وہ آپ کے اثاثے کی مالی قیمت فروخت کرنے سے حاصل کرلے یا آپ یا کوئی تیسری فریق ٹرسٹی کا حصہ خرید لے. اپنے کے دیوالیہ پن کی تاریخ سے لیکر پانچ سال بعد تک ایک ڈسچارج شدہ ٹرسٹی اپنی دوبارہ تقرری کیلئے درخواست دے سکتا ہے اگر اسے کسی ایسے اثاثے کا پتہ لگ جائی جس کا اسے پہلے علم نہیں تھا. اگر آپ کا ٹرسٹی دوبارہ تقرری کیلئے درخواست دیتا ہے تو آپ کو اس کی وجوہات کی اطلاع دی جائے گی اور آپ کو یہ حق حاصل ہوگا کہ عدالت میں اس کے خلاف درخواست دائر کردے.

اگر آپ کے دیوالیہ پن کے اختتام کے آپکا ٹرسٹی اپکے دیوالیہ پن کے تمام اخراجات اور کریڈیٹرز کو پوری ادئگی بمع سود کے کرتا ہے اور پھر بھی کوئي اثاثے اور پیسي باقی رہ جاتے ہیں تو وہ آپ کو واپس کئے جائیں گے.

اگر آپ کا ٹرسٹی فیصلہ کرلیتا ہے کہ وہ آپ کے گھر کو اوپن مارکیٹ یا نجی طور پر فروخت نہیں کرنا چاہتے تو وہ رسمي طور پر اپنے حصے سے دستبردار ہوجائیں گے. اگر آپکا ٹرسٹی اپنے حصے سے درستبردار ہوتا ہے تو آپ کو اختیار حاصل ہوگا کہ اپنی جائداد کو فرخت کردیں اگر آپ ایسا کرنا چاہیں. آپ کے ٹرسٹی کو آپ کے گھر کے فروخت کرنے کے بارے میں آپ کے دیوالیہ پن کے ایک سال کے اندر فیصلہ کرنا چاہئے اور اس کے لئے ضروری ہے کہ اپ کے دیوالیہ پن کے تین سال کے اندر عملی اقدام کرے.

7. جس طریقے سے میرے دیوالیہ پن کا انتظام کیاجارہا ہے اگر میں اس سے ناخوش ہوں تو؟

جس طریقے سے آپ کے دیوالیہ پن کا انتظام کیا جارہا ہے اگر آپ اس سے ناخوش ہیں تو فی الفور اپنے ٹرسٹی سے بات کریں.

اگر دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی آپ کا ٹرسٹی ہے اور آپ اسے کے عملے کے کسی ممبریا ان کی نمائندگی کرنے والے انسالوینسی پریکٹیشنر کے ساتھ شکایت نہیں نمٹاسکتے تو آپ تحریری طور پر اپنی شکایت کی تفصیلات دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی کو بتا دیں اور آپ کو مکمل جواب موصول ہوگا.

انسالوینسی پریکٹیشنرز ایک منظور شده ریکگنائزڈ پروفیشنل باڈی (RPB) کے مطابق کام کرتے ہیں. اگر آپ کا ٹرسٹی کوئي پرائیویٹ انسالوینسی پریکٹیشنر ہے اور آپ اپنی شکایت اسکے ساتھ نہیں نمٹا سکتے تو آپ اپنی شکایت کی رپورٹ اس کی گورننگ (RPB) کو دے سکتے ہیں.

اگر آپ کو یقین نہ ہو کہ آپ کا ٹرسٹی اس کے مطابق عمل کرتا ہے جس کے کرنے کی قانون اسے اجازت دیتا ہے تو اپنی شکایت دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی یا، کمیشنر، اگر کسی کو مقرر کیا گیا ہو، کو دے دیں.

اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی سے متعلق شکایات کے بارے میں مکمل معلومات اور طریقہ کار www.aib.gov.uk ویب سائٹ پر دستیاب ہیں

8. دیوالیہ کے متبادل کیا ہیں؟

قرضوں سے چھوٹ حاصل کرنے کیلئے دیوالیہ پن اخری وسیلہ ہے اور اس کے علاوه دیگر آپشنز بھی ہوسکتے ہیں. آپ کو مالی مشوره حاصل کرلینا چاہئے. سٹیزن ایڈوائس بیورو اور لوکل اتھارٹی کے منی ایڈوائزرز مفت اور غیرجانبدارانہ مشوره

فراہم کردیں آپ کو آپشنز کے بارے میں اور وہ آپ کیساتھ فارم پُر کرنے یا دوسرے کریڈیٹرز کیساتھ رابطہ کرنے میں بھی مدد کرسکتے ہیں۔

دوسرے دستیاب آپشنز:

ڈیٹ مینیجمنٹ پلان

یہ آپ کے کریڈیٹرز کیساتھ ایک غیررسمي انتظام ہے جس کی رو سے آپ ایک وسیع تر مدت میں اپنے قرضوں کی ادائگی کردیں گے۔ آپ اپنے کریڑیٹرز کیساتھ براہ راست یا لوکل اتھارٹی کی منی ایڈوایس یونٹ یا سیٹیزن بیور کی مدد سے ایک پلان کا انتظام کرسکتے ہیں۔ جب کریڈیٹرز ریپیمینٹ پلان پر راضی ہوں گے تو انہیں سود اور اخراجات کو منچمد کرنا نہیں پڑے گا۔ اپکے کریڈیٹرز کسي وقت بھی یہ فیصلہ کرسکتے ہیں کہ وہ مزید پیمینٹس قبول کرنا نہیں چاہتے اور قرضوں کی وصولی کیلئے دوسرے طریقوں کو استعمال کرسکتے ہیں۔

ڈیٹ ارینجمنٹ سکیم (ڈی اے ایس)

ڈی اے ایس سکاٹیش گورنمنٹ کی ایک قانونی سکیم ہے تاکہ آپ کے کریڈیٹرز کی جانب سے عدالتی کاروائی کے خطرے کے بغیر آپ کو قرضوں کی ادائیگی کیلئے زیادہ وقت دیا جائے۔ ڈی اے ایس آپ کے قرضوں کے سود، فیس او چارجز کو اس تاریخ سے منجمد کرتی ہے جب سے ڈی اے ایس پیمینٹ پروگرام منظور ہوجاتا ہے اور اگر آپ پروگرام کو مکمل کردیں تو انہیں معاف کیا جائے گا۔

ڈی اے ایس کیلئے درخواست دینے سے پہلے آپ ایک موریٹوریم درخواست دے سکتے ہیں جو آپ کو چھ ہفتوں کی مدت فراہم کردے گا اور جس کے دوران آپ کے کریڈیٹرز آپ کے خلاف کوئی قانونی چارہ جوئی نہیں کرسکیں گے۔ آپ 12 مہینوں کے دوران صرف ایک بار موریٹوریم کیلئے درخواست دے سکتے ہیں۔

ایک منی ایڈوایزر آپ کی مدد کرے گا کہ ایا ڈی اے ایس آپ کیلئے درست ہے یا نہیں۔ رابطے کی معلومات اس کتابچے کی پشت پر دستیاب ہیں یا آپ کے ایریا میں کسی منی ایڈوایزر کو اس ویب سایٹ پر تلاش کرسکتے ہیں:
www.dasscotland.gov.uk/find-a-money-adviser. یہ سکیم اپکے گھر کے بشمول (جب تک آپ مارگیج کی ادائگی کرتے ہیں) آپ کے اثاثوں کی حفاظت کرتی ہے۔

ڈی اے ایس کے بارے میں مزید معلومات اپنے مقامی منی ایڈوائس سنٹر کیساتھ رابطہ کرلیں. مزید معلومات ڈی اے ایس کے ویب سائٹ پر دستیاب ہیں: www.dasscotland.gov.uk

ٹرسٹ ڈیڈز

ٹرسٹ ڈیڈ ایک رسمی ایگریمنٹ ہے جو آپ اور آپکے انسالوینسی پریکٹیشنر، جو آپ کا ٹرسٹی بنتا ہے، کے درمیان ہوتا ہے. ٹرسٹ ڈیڈ حاصل کرنے کیلئے ضروری ہے کہ یا تو آپ اثاثے ہوں (جن میں اپکا گھر شامل ہوتا ہے جو آپکی انفرادی یا مشترک ملکیت میں ہو) جو فروخت کئے جاسکتے ہیں یا پھر اس کو اس قابل ہونا چاہئے کہ اپنے ٹرسٹی کو اپنی آمدنی سے باقاعدگی ادائگی کرتے رہیں.

ایک ٹرسٹ سکیم محفوظ بن سکتا ہے. اس کا مطلب یہ ہے کہ آپ کے کریڈیٹرز عموماً ان قرضوں کے حوالے سے آپ کے خلاف عدالتی کاروائی نہیں کرسکتے جو ٹرسٹ ڈیڈ کے حصول کے وقت آپ پر تھے بشرطیکہ آپ ٹرسٹ ڈیڈ کی شرایط پوری کرتے رہیں. اگر آپ کے کریڈیٹرز آپ کی ٹرسٹ ڈیڈ کی محفوظ ہونے سے اتفاق نہیں کرتے تو وہ اب بھی اپنے قرضوں کی وصولی کیلئے قانونی کاروائی کرسکتے ہیں، بشمول آپ کو دیوالیہ بنانے کے.

اگر ٹرسٹ ڈیڈ کی مدت کے دروان آپ اپنے ٹرسٹی کیساتھ تعاون نہیں کرتے تو وہ آپ کو دیوالیہ قرار دینے کیلئے درخواست دے سکتا ہے.

یہ نوٹ کرنا اہم ہے کہ آپ کا ٹرسٹی ٹرسٹ ڈیڈ کے دوران کسی بھی وقت آپکو دیوالیہ قرار دینے کیلئے درخواست دے سکتا ہے اگر وہ یہ سمجھتے ہوں کہ اس سے کریڈیٹرز کیلئے زیادہ پیسہ اکھٹا ہو گا، اگر چہ ایسا شاذونادر ہوتا ہے.

ٹرسٹ ڈیڈ میں شامل ہونے سے قبل آپ ایک موریٹوریم کی درخواست دے سکتے ہیں جو آپ کو چھ ہفتوں کی مدت فراہم کرے گی جس کے دوران آپ کریڈیٹرز آپ کے خلاف کوئ قانونی چارہ جوئی نہیں کرسکتے. آپ 12 ماہ میں صرف ایک بار موریٹوریم درخواست دے سکتے ہیں.

ٹرسٹ ڈیڈ سے متعلق مزید معلومات دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی کی اشاعت 'ٹرسٹ ڈیڈ گائڈ' میں دستیاب ہیں.

9. مزید معلومات

9.1 دی اکاونٹنٹ ان بنکرپٹسی سے رابطہ کرنے کی تفصیلات

The Accountant in Bankruptcy
1 Pennyburn Road
Kilwinning
Ayrshire
KA13 6SA

Telephone: 0300 200 2600

Fax: 0300 200 2601

E-mail: aib@aib.gsi.gov.uk (for general help about the bankruptcy process)

Website: www.aib.gov.uk

9.2 مشورے اور معلومات کے ذرائع

قرضے سے متعلق مفت مشورے کے بعض رابطے:

منی ایڈوائس سکاٹلنڈ

Telephone: 0141 572 0237
Website: www.moneyadvicescotland.org.uk E-mail:
info@moneyadvicescotland.org.uk

سیٹیزن بیورو سکاٹلنڈ

Telephone: 0808 800 9060
Website: www.adviceguide.org.uk/Scotland

نیشنل ڈیٹلاین سکاٹلنڈ

Telephone: 0808 808 4000
Website: www.nationaldebtline.org/S/Pages/default.aspx

سٹیپ چینج ڈیٹ چیریٹی

Telephone: 0800 138 1111
Website: http://www.stepchange.org

ان ایجنسیوں کے مقامی پتے اور ٹیلیفون نمبر آپکے فون بک میں موجود ہیں.

انسالوینسی پریکٹیشنر کو تلاش کرنے کیلئے، رابطہ کیجئے:

Institute of Chartered Accountants of Scotland

CA House
21 Haymarket Yards
Edinburgh EH12
5BH

Telephone: 0131 347 0100
Website: www.icas.org.uk
Insolvency Practitioners Association

Valiant House
4-10 Heneage Lane
London
EC3A 5DQ

Telephone: 020 7623 5108
Website: www.insolvency-practitioners.org.uk

دیوالیہ پن کے ماہر وکیل کی مدد حاصل کرنے کیلئے، راطہ کریں:

Law Society of Scotland

26 Drumsheugh Gardens
Edinburgh
EH3 7YR

Telephone: 0131 226 7411
Website: www.lawscot.org.uk
E-mail: lawscot@lawscot.org.uk

This publication is available on request in community language versions and alternative formats. Please contact **0300 200 2600** for this to be arranged.

अनुरोध करने पर यह प्रकाशन सामुदायिक भाषा संस्करणों एवं वैकल्पिक स्वरुपों में उपलब्ध है। ऐसी व्यवस्था करने के लिए कृपया **0300 200 2600** पर संपर्क करें।

یہ اشاعت درخواست کرنے پر معاشرتی زبان کے نسخوں اور متبادل شکلوں میں دستیاب ہے۔ برائے مہربانی اس کے انتظام کے لئے **0300 200 2600** پر رابطہ کریں۔

এই প্রকাশনাটি অনুরোধসাপেক্ষে জনগোষ্ঠীর ভাষায় লিখিত সংস্করণে এবং বিকল্প ফরম্যাটে পাওয়া যায়। অনুগ্রহ এই ব্যবস্থা করার জন্য **0300 200 2600** নম্বরে যোগাযোগ করুন।

此出版物有社區語言版本和其他格式，
請致電 **0300 200 2600** 索取。

هذه النشرة متوفرة عند الطلب بإصدارات بلغات الجاليات وبالصيغ البديلة.
الرجاء الاتصال بالرقم الهاتفي **0300 200 2600** لترتيب هذا.

ਇਹ ਪ੍ਰਕਾਸ਼ਨ ਭਾਈਚਾਰਕ ਭਾਸ਼ਾ ਰੂਪਾਂ ਅਤੇ ਬਦਲਵੇਂ ਫ਼ਾਰਮੈਟਾਂ ਵਿਚ ਬਿਨਤੀ 'ਤੇ ਉਪਲਬਧ ਹਨ। ਇਸਦਾ ਪ੍ਰਬੰਧ ਕਰਾਉਣ ਲਈ ਕਿਰਪਾ ਕਰਕੇ **0300 200 2600** 'ਤੇ ਸੰਪਰਕ ਕਰੋ।

Tha am foillseachadh seo ri fhaotainn air iarrtas ann an cànanan coimhearsnachd agus ann an cruthan eile. Cuiribh fios gu **0300 200 2600** airson seo a chur air dòigh.

Aby otrzymać niniejszy dokument w innej wersji językowej, na kasecie lub w wersji z powiększonym drukiem, prosimy o kontakt: 0300 200 2600

We have written this booklet for general guidance only.
It is not a detailed or full statement of the law.

Personal information that you supply to the Accountant in Bankruptcy (AiB) may be used in a number of different ways to enable AiB to act in accordance with the Bankruptcy (Scotland) Act 2016 and other relevant legislation.

Our full privacy statement details how we process personal information and your right to request to see, amend or delete information which we hold about you, is published on our website: www.aib.gov.uk.

If you wish a copy of our privacy statement you can write to us at:

Accountant in Bankruptcy
1 Pennyburn Road
Kilwinning
Ayrshire
KA13 6SA

You can also email us at: aib@aib.gsi.gov.uk or phone us on 0300 200 2600 and ask to speak with our Data Protection Officer.

Community language versions and alternative formats of our privacy
statement are available on request. Please contact 0300 200 2600 to ask for this to be arranged.

1 Pennyburn Road
Kilwinning Ayrshire KA13 6SA
T 0300 200 2600 F 0300 200 2601
aib@aib.gsi.gov.uk www.aib.gov.uk

An agency of

Scottish Government
Riaghaltas na h-Alba
gov.scot

INVESTORS IN PEOPLE | Gold

oup Scotland
.6081408-1 (11/16)